## سوال

نماز

## جواب

پچھلی صف میں اکیلے کھڑے ہونے کا حکم ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جب امام جماعت کروا رہا ہو پہلی صف مکمل ہو چکی ہو تو کیا آخری صف میں اکیلا آدمی کھڑا ہو سکتا ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد ! نماز نبوی طبع دارالسلام صفحہ 129، 130 پر ڈاکٹر شفیق الرحمن حفظہ ا تعالیٰ رقم طراز ہیں : اگر صف میں جگہ ہے تو پیچھے اکیلے آدمی کی نماز نہیں ہوتی اور اگر صف میں جگہ نہیں ہے تو یہ اضطراری کیفیت ہوگی ایسی صورت میں اکیلے ہی کھڑے ہو جانا چاہیئے نماز ہو جائے گی کیونکہ اگلی صف میں سے کسی مقتدی کو کھینچنا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے ۔ امام مالک ، امام احمد، امام اوزاعی ، امام اسحاق اور امام ابوداؤد کا یہی مذہب ہے کہ صف سے آدمی نہ کھینچا جائے ، البتہ ایک امام اور ایک مقتدی والے مسئلہ پر قیاس کر کے جواز ملتا ہے یعنی جب دو شخص جماعت کروا رہے ہوں تو تیسرا بعد میں آنیوالا مقتدی کو کھینچ کر پیچھے اس کے ساتھ صف بنا لے گا ۔ لہٰذا اگر اگلی صف مکمل ہے تو پیچھے اکیلے نماز ( مجبوری کی وجہ سے ) ہو جائے گی ۔ اور اگر اگلی صف سے کسی کو کھینچ کر پیچھے کھڑا کر لیا تو دو آدمیوں پر قیاس کرنے کیوجہ سے یہ بھی درست ہوگا ، نماز ہو جائے گی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی